# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

# پریس ریلیز

مورخہ ،08ستمبر 2017ء

چاروں صوبوں اور اسلام آباد سیکرٹریٹ سے لئے گئے 20افسران کی سات مانیٹرینگ ٹیمیں لاہور کے ضمنی انتخاب حلقہ این اے120 کے لئے تشکیل دے دی گئی ہیں۔ یہ سات ٹیمیں کل شام تک اپنی ڈیوٹیاں سنبھال لیں گی۔مانیٹرینگ ٹیموں کو کیمرے، گاڑیاں اور دیگر ضروری اسٹاف فراہم کر دیا گیاہے۔ یہ مانیٹرینگ ٹیمیں اس حلقے میں کوڈ آف کنڈکٹ اور بائیو میٹرک مشینوں کی کارکردگی کی نگرانی کریں گی اور اپنی تفصیلی رپورٹ الیکشن کمیشن کوارسال کریں گی۔اسکے ساتھ ساتھ مذکورہ حلقے میں کوڈ آف کنڈیکٹ کی کسی قسم کی خلاف ورزی کی فوری رپورٹ متعلقہ ریٹرننگ آفیسر ،ڈسٹرکٹ ریٹرنگ آفیسر ،صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب، سینٹرل مانٹرینگ کمیٹی اسلام آباد سیکرٹریٹ اورالیکشن کمیشن کوبذریعہ ٹیلی فون، فیکس،ای میل اور واٹس اپ کریں گی جس پر الیکشن کمیشن فوری کاروائی کرے گا۔ان مانیٹرینگ ٹیموں میں آئی ٹی ونگ کے سینئر افسران بھی شامل ہیں جن کے ذمہ بائیو میٹرک مشینوں کی کارکردگی جانچ پڑتال اوراس کے مختلف تکنیکی پہلوؤں کا جائزہ لینااوراس پر تفصیلی رپورٹ الیکشن کمیشن کوفراہم کرناہے تاکہ مستقبل میں ان بائیو میٹرک مشینوں کے استعمال کے حوالے سے حتمی فیصلہ کیا جاسکے۔

الیکشن کمیشن اس مذکورہ حلقے میں ضابطہ اخلاق کی بھرپور نگرانی کر رہاہے اور کسی بھی امیدوار یاسیاسی پارٹی کواس کی خلاف ورزی کرنے کی اجازت کسی بھی صورت نہیں دے سکتا۔صوبائی وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین کو اسی سلسلے میں نوٹس جاری کیا گیا تھا۔ اور ان کو ہدایت کردی گئی ہے کہ وہ اس حلقے میں کسی قسم کی سیاسی سرگرمیوں میں حصہ نہ لے، بصورت دیگراس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کاروائی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆